# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 21 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱؍مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پانچویں مرحلے میں ملک بھر میں تقریباً60 فیصد اور مہاراشٹر میں اوسطاً54 فیصد رائے دہی کا اندراج۔

☆ رائے دہی کے بعد پولنگ کیبن کو ہار ڈالنے پر شانتی گیری مہاراج کیخلاف مقدمہ درج۔

☆ بارہویں بورڈ امتحانات کے نتائج کا آج دوپہر ایک بجے اعلان ہوگا۔

اور۔۔۔☆ قومی صاف ہوا پروگرام میں چھترپتی سمبھاجی نگر کو ریاست میں دوسرا اور ملک میں بارہواں مقام حاصل۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے پانچویں مرحلے کی رائے دہی کا عمل کل چند معمولی واقعات کو چھوڑ کر پُر امن طریقہ سے مکمل ہوگیا۔ ملک بھر میں چھ ریاستوں اور دو مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 49 حلقوں میں اوسطاً60 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔ ریاست کے 13 حلقوں میں کل شام چھ بجے تک 54اعشاریہ 33 فیصد شہریوں نے حقِ رائے دہی ادا کیا۔ شمال ممبئی لوک سبھا حلقہ میں 55اعشاریہ 21 فیصد، شمال وسطی ممبئی میں 51اعشاریہ 42 فیصد، جنوب ممبئی میں 47اعشاریہ 70 فیصد، جنوبی وسطی ممبئی میں 51اعشاریہ 88 فیصد، شمال مغربی ممبئی میں 53اعشاریہ 67 فیصد اور شمال مشرقی ممبئی انتخابی حلقہ میں 53اعشاریہ 75 فیصد رائے دہی کا اندراج کیا گیا۔ دھولیہ انتخابی حلقہ میں 56اعشاریہ 61 فیصد، دِنڈوری میں 62اعشاریہ 66، ناسک میں 57 اعشاریہ 10، پال گھر میں 61اعشاریہ 65، بھیونڈی میں 56اعشاریہ 41، کلیان میں 47اعشاریہ صفر آٹھ جبکہ تھانے لوک سبھا حلقہ میں شام چھ بجے تک 49اعشاریہ 81 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

***** ***** *****

ممبئی کے تمام چھ پارلیمانی حلقوں میں رائے دہندگان میں زبردست جوش وخروش دیکھا گیا، بیشتر پولنگ اسٹیشنوں پر صبح کے اوقات میں رائے دہندگان کی لمبی قطاریں نظر آئیں۔ تاہم شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے اس معاملے پر انتظامی مشنری کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام لگایا کہ جہاں ٹھاکرے گروپ کے امیدواروں کو زیادہ ووٹ ملنے کی امید تھی وہاں جان بوجھ کر پولنگ میں تاخیر کی گئی۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ رائے دہندگان کو گھنٹوں تک دھوپ میں کھڑے رہ کر اپنی باری کا انتظار کرنا پڑا۔ لہٰذا اس سلسلے میں عدالت سے رجوع کرنے کی اطلاع بھی ٹھاکرے نے صحافیوں کو دی۔

***** ***** *****

ممبئی کے دھاراوی میں واقع ٹرانزٹ کیمپ اسکول کمپلیکس میں 34 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے تھے۔ ملک میں کسی ایک مقام پر قائم کیے گئے پولنگ اسٹیشنوں میں یہ سب سے زیادہ تعداد تھی۔ ان پولنگ اسٹیشنوں کو مختلف رنگ دیئے گئے تھے اور پولنگ اسٹیشن کے رنگ کے لحاظ سے رائے دہندگان ووٹر سلپ دیئے گئے، جبکہ پولنگ اسٹیشن کے داخلی دروازے سے اسٹیشن کے اندرونی احاطے تک متعلقہ رنگ کے قالین بچھائے گئے۔ جس کے باعث رائے دہندگان کو اپنا پولنگ اسٹیشن تلاش کرنے میں سہولت ہوئی۔

***** ***** *****

تھانے انتخابی حلقے میں ایک رائے دہندے کے نام سے دوسرے شخص کے ووٹ ڈالنے کا معاملہ پیش آیا۔ مذکورہ ووٹر کی شناخت کے بعد انتخابی فیصلہ افسر کی ہدایات کے مطابق اسے بیلٹ پیپر دے کر ووٹ ڈالنے کا موقع دیا گیا۔ تھانے انتخابی حلقہ کی معاون انتخابی فیصلہ افسر ارمیلا پاٹل نے یہ جانکاری دی۔

***** ***** *****

ناسک میں آزاد امیدوار شانتی گیری مہاراج کیخلاف ترمبکیشور میں اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد پولنگ کیبن کو ہار پہنانے کی پاداش میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ جبکہ مہسرول کے رائے دہی مرکز پر ''جئے بابا جی'' تحریر والا زعفرانی لباس پہن کر ووٹ دینے والے جنیش سورانند مہاراج کے خلاف بھی مقدمہ درج کیے جانے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل آئندہ چار جون سے غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کرنے کے فیصلے پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے اپنے موقف کی وضاحت کی۔ انہوں نے کہا کہ مراٹھا برادری کو دیگر پسماندہ طبقات یعنی او بی سی کوٹے سے ریزرویشن دینے اور قریبی رشتے داروں سے متعلق مطالبے پر عمل آوری کیلئے یہ احتجاج کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ۔ آئی سی ایم آر نے واضح کیا ہے کہ بنارس ہندو یونیورسٹی کا کووڈ 19 کی ویکسین کے اثرات سے متعلق تحقیقی مقالہ گمراہ کرنے والا ہے۔ اس تحقیق میں کونسل نے کسی بھی طرح سے حصہ لینے اور تحقیق کیلئے کوئی مالی یا تکنیکی مدد فراہم کیے جانے کی تردید بھی کی ہے۔

***** ***** *****

احمد آباد کی سردار ولبھ بھائی پٹیل بین الاقوامی طیران گاہ سے گجرات کے انسدادِ دہشت گردی دستے نے کل چار دہشت گردوں کو گرفتار کیا۔ مقامی پولس نے بتایا کہ یہ چاروں سری لنکا کے رہائشی ہیں اور انہوں نے دولت اسلامیہ تنظیم کیلئے سرگرم ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ وہ چنئی کے راستے سری لنکا سے احمد آباد آئے ہیں اور پولس ان کے سفر سے متعلق مزید تفتیش کر رہی ہے۔

***** ***** *****

سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو آج ان کی برسی پر ہر طرف خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ 1991 میں آج ہی کے دن تمل ناڈو کے شری پیرُمبدُور میں سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی ایک بم دھماکے میں موت واقع ہوئی تھی۔

***** ***** *****

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان گزشتہ روز ایک ہیلی کاپٹر حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ ان کی موت پر وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اظہارِ تاسف کیا ہے۔ بھارت نے اس واقعے پر آج ایک دِن کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے رواں سال فروری ۔ مارچ میں منعقدہ بارہویں جماعت کے امتحانات کا نتیجہ آج ظاہر کیا جائے گا۔آج دوپہر ایک بجے بورڈ کی ویب سائٹ پر یہ نتیجہ دیکھا جاسکے گا۔ بورڈ نے اپنے اعلامیہ میں کہا ہے کہ نمبرات کی جانچ اور جوابی بیاض کی فوٹو کاپی کیلئے پانچ جون تک مع فیس آن لائن درخواست کی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

قومی انسدادِ فضائی آلودگی پروگرام میں چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کو ریاست میں دوسرا اور ملک میں بارہواں مقام حاصل ہوا ہے۔ ملک بھر میں شہروں کی ہوا کو صاف رکھنے کیلئے نیشنل کلین ایئر پروگرام کے تحت مختلف سرگرمیاں عمل میں لائی گئیں۔اس میں تھانے شہر نے پہلا مقام حاصل کیا ہے' جبکہ چھترپتی سمبھا جی نگر کے بعد نئی ممبئی اور ناگپور شہر کو مقام دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کی ایک لاکھ 31 ہزار آنگن واڑیوں میں قومی تعلیمی پالیسی نافذ کی جائے گی۔اعلیٰ تعلیم میں قومی تعلیمی پالیسی کا نفاذ شروع ہو چکا ہے اور آئندہ تعلیمی سال میں پرائمری سطح پر بھی اس پالیسی کا نفاذ ہوگا۔قومی تعلیمی پالیسی کے مطابق تیار کردہ نصاب پر مبنی کتب ریاست کی ایک لاکھ 31 ہزار آنگن واڑیوں کو فراہم کی جائیں گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر مدھوکر راجے آرڈے نے آئندہ موسمِ باراں کے دوران ممکنہ سماوی آفات سے نمٹنے کیلئے خاطر خواہ انتظامات کرنے کی ہدایات دی ہیں۔ وہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر ڈویژن میں قبل از مانسون تیاریوں کے جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھے۔انھوں نے قدرتی آفات یا سیلابی صورتحال سے جانی یا مالی نقصانات نہ ہونے دینے سے متعلق انتظامیہ کو مکمل خبرداری برتنے کا حکم بھی دیا۔اس جائزاتی اجلاس میں مراٹھواڑہ کے تمام اضلاع کے کلکٹر اور ضلع پریشدوں کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز موجود تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع سپرنٹنڈنٹ زرعی افسر کی جانب سے خریف ہنگام 2024 کی قبل از تیاری کیلئے زرعی محکمے کے افسران و ملازمین کو تربیت دینے ضلعی سطح پر خریف ہنگام کی قبل از جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا۔لاتور کے علاقائی جوائنٹ زرعی ڈائریکٹر صاحب راؤ دیویکر نے اس اجلاس میں رہنمائی کرتے ہوئے ضلع کے 16 تعلقوں میں قبل از خریف ہنگام کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ڈاکٹر شنکر راؤ چوہان سرکاری طبّی کالج اور اسپتال میں آٹھ جدید ترین سماعت کے آپریشن کی مشینیں نصب کی گئی ہیں۔کل اس مشین کا افتتاح اسپتال کے ڈین ڈاکٹر سدھیر دیشمکھ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقعے پر ڈاکٹر دیشمکھ نے مریضوں کے علاج کے ساتھ ہی یہ مشینیں طلبہ کی تعلیم میں بھی معاون ثابت ہونے کا یقین ظاہر کیا۔

***** ***** *****

لاتور شہر میونسپل کارپوریشن نے کل غیر قانونی اشتہاری بورڈ نصب کرنے کے معاملات میں گیارہ مقدمات درج کیے، جبکہ 17 بورڈس نکال لیے گئے ۔ نائب میونسپل کمشنر ڈاکٹر پنجاب کھانسوڑے نے اس معاملے میں میٹنگ لیکر متعلقین کیخلاف مقدمہ درج کرنے کے احکامات دیئے ۔

***** ***** *****

انڈین پریمیر لیگ (آئی پی ایل) کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج پلے آف کیلئے کولکاتہ نائٹ رائیڈرس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ احمد آباد میں شام ساڑھے سات بجے میچ کا آغاز ہوگا۔ جبکہ ٹورنامنٹ کا دوسرا پلے آف میچ، رائل چیلنجرز بنگلورو اور راجستھان رائلز کے درمیان کل کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ ڈویژن میں مرمت و درستی کے کاموں کی وجہ سے آج دَونڈ۔ نظام آباد۔ پنڈھرپور ریلوے گاڑیاں مدکھیڑ تا نظام آباد کے درمیان منسوخ کردی گئی ہیں، جبکہ ناندیڑ۔ امرتسر سچکھنڈ ایکسپریس کے روٹ میں آج اور امرتسر۔ ناندیڑ سچکھنڈ ایکسپریس کے روٹ میں کل عارضی تبدیلی کیے جانے کی اطلاع ناندیڑ زون دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پانچویں مرحلے میں ملک بھر میں تقریباً 60 فیصد اور مہاراشٹر میں اوسطاً 54 فیصد رائے دہی کا اندراج۔

☆ رائے دہی کے بعد پولنگ کیبن کو ہار ڈالنے پر شانتی گیری مہاراج کیخلاف مقدمہ درج۔

☆ بارہویں بورڈ امتحانات کے نتائج کا آج دوپہر ایک بجے اعلان ہوگا۔

اور۔۔۔☆ قومی صاف ہوا پروگرام میں چھترپتی سمبھاجی نگر کو ریاست میں دوسرا اور ملک میں بارہواں مقام حاصل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****